Public Health Engineering, Division Khuzdar

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

نوٹس زیر دفعہ 9(5) بینکنگ کمپنیز آرڈیننس XLVI آف 2001

نوٹس زیر فارم نمبر IV اپنڈکس B سی پی سی 1908

مقدمہ نمبر 61/2025

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ لورالائی .... مدعی

بخلاف۔ اسرار اللہ ولد امان اللہ

سکنہ بنگلہ لیویز لائن لورالائی ii مکان نمبر 454 گلی نمبر 2 اے ون سٹی کوئٹہ فون نمبر 03318104784

.... مدعا علیہ دعویٰ برائے وصولی واجبات مبلغ Rs-1213524/=

پیشی 13/10/2025 بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ 8 ماہ ستمبر 2025 جاری کیا گیا

جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

نوٹس زیر دفعہ 9(5) بینکنگ کمپنیز آرڈیننس XLVI آف 2001

نوٹس زیر فارم نمبر IV اپنڈکس B سی پی سی 1908

مقدمہ نمبر 58/2025

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ لورالائی .... مدعی

بخلاف ... 563027267603

.... مدعا علیہ دعویٰ برائے وصولی واجبات مبلغ Rs-675511/=

پیشی 13/10/2025 بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ 8 ماہ ستمبر 2025 جاری کیا گیا

جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

نوٹس زیر دفعہ 9(5) بینکنگ کمپنیز آرڈیننس XLVI آف 2001

نوٹس زیر فارم نمبر IV اپنڈکس B سی پی سی 1908

مقدمہ نمبر 37/2025

بینک الفلاح لمیٹڈ SME ... مدعی

بخلاف ... 5510320391845 ... 03069369148

.... مدعا علیہ دعویٰ برائے وصولی واجبات مبلغ Rs-244,520/=

پیشی 14/10/2025 بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ 8 ماہ ستمبر 2025 جاری کیا گیا

جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

نوٹس زیر دفعہ 9(5) بینکنگ کمپنیز آرڈیننس XLVI آف 2001

نوٹس زیر فارم نمبر IV اپنڈکس B سی پی سی 1908

مقدمہ نمبر 56/2025

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ لورالائی .... مدعی

.... مدعا علیہ دعویٰ برائے وصولی واجبات مبلغ Rs-987465/=

پیشی 13/10/2025 بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ 8 ماہ ستمبر 2025 جاری کیا گیا

جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

نوٹس زیر دفعہ 9(5) بینکنگ کمپنیز آرڈیننس XLVI آف 2001

نوٹس زیر فارم نمبر IV اپنڈکس B سی پی سی 1908

مقدمہ نمبر 55/2025

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ لورالائی .... مدعی

.... مدعا علیہ دعویٰ برائے وصولی واجبات مبلغ Rs-1033022/=

پیشی 13/10/2025 بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ 8 ماہ ستمبر 2025 جاری کیا گیا

جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

نوٹس زیر دفعہ 9(5) بینکنگ کمپنیز آرڈیننس XLVI آف 2001

نوٹس زیر فارم نمبر IV اپنڈکس B سی پی سی 1908

مقدمہ نمبر 57/2025

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ لورالائی .... مدعی

.... مدعا علیہ دعویٰ برائے وصولی واجبات مبلغ Rs-1372058/=

اگر کوئی ہو اور جاری نوٹس کی تاریخ سے جو عدالت مناسب خیال کرے حاصل کرنے حاضر ہونے کی اجازت سے بذریعہ ایک درخواست کے حاصل ہو سکتی ہے جس کے ساتھ تحریری بیان یا اقرار بایں مضمون ہونا چاہیے کہ مقدمہ ازروئے حق واجب اور قابل جوابدہی ہے یا کوئی وجہ معقول اس بات کی ہے کہ تم کو حاضر ہونے کی اجازت دی جائے

پیشی 13/10/2025 بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ 8 ماہ ستمبر 2025 جاری کیا گیا

جج بینکنگ کورٹ بلوچستان کوئٹہ

NOTICE INVITING TENDER

The Chief Officer Municipal Committee Hurramzai Invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee 1500/- and bid Security 2% for each work

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-252609854063	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL AT MUHLLAH GUNIAN	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	1,500,000
2	TSE-252609854073	CONSTRUCTION OF UNDER GROUND WATER TANK AT MOHALLAH MALAK KHAIL HURAMZAI	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	1,500,000
3	TSE-252609854083	PROVIDING AND INSTALLATION OF HOME SOLAR PLATE AT LADY COUNCILER M C HURAMZAI	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	2,500,000
4	TSE-252609854093	PROVIDING AND INSTALLATION OF HOME SOLAR PLATE AT WARD NO 12	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	4,450,000
5	TSE-252609854183	PROVIDING AND INSTALLATION OF HOME SOLAR PLATE AT WARD NO 11	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	4,450,000
6	TSE-252609854103	PROVIDING AND INSTALLATION OF HOME SOLAR PLATE AT WARD NO 4	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	2,000,000
7	TSE-252609854113	CONSTRUCTION OF UNDER GROUND WATER TANK AT WARD NO 1	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	1,600,000
8	TSE-252609854123	PROVIDING AND INSTALLATION OF HOME SOLAR PLATE AT WARD NO 1	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	1,600,000
9	TSE-252609854133	INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHT VICE CHAIR MAN FUND MC HURMAZAI	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	1,000,000
10	TSE-252609854143	PROVIDING AND INSTALLATION OF HOME SOLAR PLATE VICE CHAIR MAN FUND AT MUNICIPAL COMMITTEE HURMAZAI	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	3,000,000
11	TSE-252609854153	CONSTRUCTION OF PCC STREET AT MAIN ROAD HURAMZAI	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	2,000,000
12	TSE-252609854163	CONSTRUCTION OF SEWERAGE LINE MAIN ROAD HURAMZAI	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	2,000,000
13	TSE-252609854173	CONSTRUCTION OF PCC STREET AT QABARISTAN ROAD MUNICIPAL COMMITTEE HURAMZAI	29 September, 2025 10:30 AM	11:30 AM	2,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Office of the Chief Officer Municipal Committee Hurramzai **Phone no:** 3318084649 **Email:** mchurramzai@gmail.com

AB No.251/12-9-2025

Chief Officer
Municipal Committee Hurramzai

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — وزیراعلیٰ

پارلیمنٹیرینز کے خلاف بغیر ثبوت کے الزامات عائد کیے جاتے ہیں اس سے پارلیمنٹ کی ساکھ کمزور ہوئی آیئے ہم اکھٹے ہو کر فیصلہ کریں کہ جو کسی کے خلاف الزام لگاتا ہے اسے ثابت بھی کرے اپوزیشن کو دعوت دیتا ہوں کہ مل بیٹھ کر کمیٹی بناتے ہیں یہ مذاق بنا لیا گیا ہے کہ چھوٹے چھوٹے گروپ بنا کر بیورو کریسی، سیاستدانوں کو بلیک میل کیا جاتا ہے بدقسمتی سے ہم میں سے بہت سارے لوگ اس کا حصہ اور انہیں بڑھاوا دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ پشتون روایات کو پامال کیا جا رہا ہے جس کا جہاں جی چاہتا ہے پگڑی اچھالی جاتی ہے اگر ہمارے خلاف ثبوت ہیں تو پاکستان میں نیب، اینٹی کرپشن، سی ایم آئی ٹی ہے ان سے تحقیقات کروا لیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم جب پیکا ایکٹ کی بات کرتے ہیں تو ہمارے دوست اسکی مخالفت کرتے ہیں ہمیں ایک ایسا قانون لانا ہوگا کہ جو شخص کسی پارلیمنٹیرین یا معزز شخص پر بغیر ثبوت کے الزام لگاتا ہے تو اسکی سزا ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے یہاں ہتک عزت کے قوانین نہ ہونے کے برابر ہیں ہمیں اس ہتک عزت کا تدارک کرنا ہوگا کب تک ہم بلیک میل ہوتے رہیں گے کئی ایسی چیزیں ہم سے منسوب ہوتی ہیں جو ہمارے فرشتوں کو بھی معلوم نہیں ہوتیں اس سے نہ صرف ہمارا سیاسی نقصان ہوتا ہے بلکہ ہمارے خاندان بھی متاثر ہوتے ہیں میرے بیٹے نے مجھ سے آکر پوچھا کہ یہ آپ کے متعلق کیا لکھا ہے؟ مجھے اس معاملے کا علم تک نہیں تھا ہمارے ورکر اور سپورٹرز بھی متاثر ہوتے ہیں لیکن جو لوگ یہ سب کرتے ہیں ان سے کوئی پوچھنے والا نہیں سب مادر پدر آزاد ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جنگلات کی زمینوں کی الاٹمنٹ کے حوالے سے پشتون جرگہ نواب ایاز کی سربراہی میں ملاقات کے لیے آیا تھا بلوچستان کے بلوچ پشتون اضلاع میں قبائل کی اراضیات میں ماضی میں جنگل تھے لیکن اب وہاں جنگلات ختم ہوگئے ہیں قلعہ عبداللہ میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر کی زمین جنگلات کی تھی جو واپس دینی پڑی۔ انہوں نے کہا کہ ہم زمینوں کے معاملے میں ایک انچ پر بھی زیادتی نہیں ہونے دیں گے یہ معاملہ ہمارے نوٹس میں ہے اسے مناسب انداز میں حل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں قانون سازی کے معاملات اسمبلی کو حل کرنے چاہئیں عدالتوں کا کام آئین کی تشریح ہے اس سے پہلے کے بعض معاملات پر عدالتی فیصلہ آ جائے ہم دعوت دیتے ہیں کہ تمام جماعتیں آئیں اور ہم اتفاق رائے پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ، مائنز اینڈ منرلز بل سمیت دیگر معاملات پر اتفاق رائے پیدا کریں گے۔ این ایف سی ایوارڈ کے معاملے پر ہم تمام سیاسی جماعتوں، وکلاء، اکیڈمیا کو مدعو کیا ہے تاکہ بہتر انداز میں اس معاملے پر تجاویز مرتب کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اور حکومت ملکر اپنے نمائندے مقرر کریں تاکہ ہم مل بیٹھ کر کمیٹی میں بلوچستان کے معاملات کو حل کریں۔ اس موقع پر اسپیکر نے رولنگ دی کہ حکومت اور اپوزیشن سے نام منگوا کر کمیٹی قائم کی جائیگی، قائد حزب اختلاف نے کہا کہ ہم اسی ہفتے میں اسپیکر کو کمیٹی ارکان کے نام دیں گے۔ قبل ازیں نیشنل پارٹی کے رکن سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کچھ عرصے بلوچستان کے بلوچ پشتون اضلاع میں قبائل کی اراضیات کو محکمہ جنگلات کے سپرد کیا جا رہا ہے قبائل کی زمین کو الاٹ نہ کیا جائے۔ اجلاس میں نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ میں وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ تین چار دنوں سے بے جا اور بے بنیاد الزامات ایک سوشل میڈیا کے ذریعے سازش کے تحت لگائے جا رہے ہیں میں اسکی شدید الفاظ میں مذمت اور تردید کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی پارٹی پالیسی سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹوں گا جو سمجھتے ہیں کہ شاید دباؤ میں لا کر ہمیں پیچھے ہٹا دیا جائیگا میں آئین پاکستان، فعال پاکستان، بالادست اور فعال پارلیمنٹ، آزادی رائے، آزاد الیکشن کی بات کرونگا۔ انہوں نے کہا کہ میرے حلقے میں 1 ارب 31 کروڑ روپے کرپشن کے الزامات لگائے گئے ہیں میرے حلقے کو گزشتہ سال 35 فیصد سے زائد ایلوکیشن ہی نہیں ملی تو کرپشن کیسے ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پہلے بھی کہا تھا کہ اتنی کم رقم رکھی جاتی تو پی اینڈ ڈی میں دکانداری کھلے گی پچھلے سال متعلقہ افسران کو چار سے چھ فیصد کمیشن رکھا گیا جس نے رقم نہیں دی انہیں پیسوں کا اجراء نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ قائد ایوان اور وزراء سے سوال کرتا ہوں کہ تین کروڑ ایمبولینس، پانچ کروڑ ٹرانسفارمر کے لیے رکھے تھے وہ بھی نہیں ملے کیا وہ بھی میں نے کھائے ہیں حکومت کہتی ہے کہ 90 فیصد فنڈ پیسے خرچ ہوئے لیکن ہمارے حلقوں میں پیسے کیوں خرچ نہیں کیے گئے؟

بقیہ 2 — تباہی مچانے

کے باعث ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں بھی زیر آب آگئیں۔ پنجاب میں تباہی مچانے کے بعد منہ زور سیلاب گدو بیراج کے راستے سندھ میں داخل ہونا شروع ہو چکا ہے، گدو بیراج پر درمیانے درجے کے سیلاب کے بعد کندھکوٹ کے کچے کے تمام علاقے زیر آب آگئے اور ان کا شہروں سے رابطہ منقطع ہوگیا۔ سیلاب میں محصور گاؤں جیون خان گولو کے مکینوں نے انتظامیہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ انہیں وہاں سے نکالنے کیلئے انتظامات کیے جائیں۔ سیلاب کے باعث ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں بھی زیر آب آگئی ہیں، اور پانی بڑھنے کے باعث حفاظتی بندوں پر بھی دباؤ بڑھنے لگا ہے، اور حساس قرار دیے گئے کے کے بند اور اولڈ توڑی بند کو مضبوط بنانے کا کام بھی جاری ہے۔ پروونشل رین اینڈ فلڈ ایمرجنسی مانیٹرنگ سیل سندھ نے دریاؤں اور بیراجوں میں پانی کی آمد و اخراج کے تازہ ترین اعداد و شمار جاری کر دیے جن کے مطابق دریائے چناب میں پنجند کے مقام پر انتہائی اونچے درجے کا سیلاب ہے۔ پنجند کے مقام پر پانی کی آمد و اخراج 6 لاکھ 84 ہزار 293 کیوسک ریکارڈ کیا گیا، اسی طرح گدو بیراج پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے اور پانی کی آمد 5 لاکھ 17 ہزار 724 کیوسک جبکہ اخراج چار لاکھ 85 ہزار 272 کیوسک ہے۔ سکھر بیراج پر بھی درمیانے درجے کا سیلاب ہے اور پانی کی آمد چار لاکھ 53 ہزار 140 کیوسک اور اخراج چار لاکھ 18 ہزار 810 کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے۔ کوٹری بیراج پر فی الوقت نچلے درجے کا سیلاب ہے اور پانی کی آمد دو لاکھ 59 ہزار 504 کیوسک جبکہ اخراج دو لاکھ 54 ہزار 354 ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ بالائی علاقوں میں 16 سے 19 ستمبر تک بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ 16 سے 19 ستمبر کے دوران ایک نئی مغربی ہواؤں کا سلسلہ اور بارش متوقع ہے جو تمام بڑے دریاؤں کے بالائی کیچمنٹ ایریاز کو متاثر کرے گا۔ تاہم نوٹس میں مزید کہا گیا کہ اس ہفتے کسی بڑے موسمی نظام کی توقع نہیں ہے۔ پی ایم ڈی نے خبردار کیا کہ دریائے سندھ میں گدو کے مقام پر 14 اور 15 ستمبر کے دوران پانی کا بہاؤ بہت زیادہ (ہائی فلڈ لیول) تک پہنچ سکتا ہے۔ ملتان کی تحصیل شجاع آباد میں دریائے چناب پر سپر بند میں 80 فٹ چوڑا شگاف پڑ گیا۔ شگاف پر کرنے والے 3 مزدور ریلے میں بہہ گئے، ریسکیو کے عمل کے دوران 2 مزدوروں کو بچا لیا گیا جبکہ ایک کی تلاش جاری ہے۔ شگاف پر کرنے کے لیے مشینری طلب کر لی گئی۔ بند ٹوٹنے سے بستی مٹھو، سومن اور بستی بگلا متاثر ہوگئے، متاثرہ علاقوں سے لوگوں کی نقل مکانی جاری ہے۔ یاد رہے کہ ملتان کی تحصیل جلالپور پیر والا کو بھی چاروں جانب سے سیلابی پانی نے گھیر لیا ہے اور شہر کو بچانے کے لیے عوام کا ہنگامی بنیادوں پر انخلا جاری ہے۔ سی پی او ملتان صادق علی ڈوگر کا کہنا ہے کہ جلال پور پیر والا کے چاروں اطراف پانی ہے، تحصیل جلالپور کے 90 فیصد نواحی علاقے زیر آب آ چکے ہیں۔ دریں اثناء وفاقی وزیر وچیئرمین کشمیر کمیٹی رانا قاسم نون نے

طالبان مخالفین سے ملاقات کا الزام، افغان حکومت نے سینئر بھارتی سفارتکار کو ملک بدر کردیا

ہریش کمار کابل میں سابق افغان حکومت ختم ہونے کے بعد سے بھارتی سفارت کار اور انٹیلی جنس افسر کے طور پر تعینات تھے

ڈیرہ مراد جمالی، 2 مختلف واقعات میں 1 شخص ہلاک

مقامی سکول کا طالب علم رکشہ کی ٹکر سے شدید زخمی، مزید تحقیقات جاری ہے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں دو مختلف واقعات میں ایک شخص ہلاک جبکہ سکول کا بچہ رکشے کی ٹکر سے شدید زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی مقامی سکول کا طالب علم حسنین بھٹو چھٹی کے بعد تیز رفتار رکشے نے ٹکر مار دی جس کے باعث اسکا ایک بازو ٹوٹ گیا جسے نچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا جہاں طبی امداد .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت مسائل کے حل کیلئے وسائل بروئے کار لا رہی ہے' بابا غلام رسول عمرانی

کوشش ہے محنت کشوں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں' صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت و افرادی سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے سول سیکرٹریٹ میں واقع اپنے دفتر میں مختلف قبائل کے سیاسی و عوامی نمائندوں سے ملاقات .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہے ہیں' سپیکر صوبائی اسمبلی

چمن کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر ایوان بالا میں اٹھائیں گے' کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی

سپیکر بلوچستان اسمبلی سے چمن سے تعلق رکھنے والے وفود کی ملاقات' مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (اے پی پی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی سے جمعرات کے روز چمن سے تعلق رکھنے والے مختلف وفود نے ملاقات کی وفود نے اسپیکر کو چمن میں پانی، تعلیم، صحت اور امن و امان کی صورتحال سمیت عوامی مسائل سے آگاہ کیا اس موقع پر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے حکومت سنجیدہ اقدامات .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے مقابلے بھارت پر انحصار امریکی پالیسی کی ناکامی، فارن افیئرز

نیو یارک (مشرق نیوز) امریکی میگزین فارن افیئرز نے پاکستان کے مقابلے میں بھارت پر انحصار کی امریکی پالیسی کو ناکام قرار دے دیا۔ فارن افیئرز کی رپورٹ کے مطابق بھارت کبھی امریکا کا قابل بھروسا شراکت دار نہیں رہا۔ بھارت امریکا کی توقعات پر پورا نہیں اترا جب کہ پاکستان زیادہ قابل اعتماد شراکت دار ہے۔ اب امریکا کو پاکستان پر اعتماد کرکے دیکھنا ہوگا۔ میگزین میں کہا گیا ہے

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ زیرے صوبائی ایگزیکٹیو اور ضلعی ایگزیکٹیوز کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام مشکلات سے دوچار، 17 ستمبر کو کوئٹہ میں احتجاجی جلسہ ہوگا' پشتونخوا نیپ

کوئٹہ و مضافات میں 20 گھنٹے بجلی غائب' حکام میٹر اتار کر عوام کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر رہے ہیں' نصراللہ زیرے

رات 10 بجے کے بعد گیس مکمل بند کردی جاتی ہے' پولیس کا رویہ عوام، طلباء اور ملازمین کے ساتھ ناروا ہے' قادر آغا ایڈووکیٹ

شہر کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہے، ایسا لگتا ہے صفائی عملہ صرف افسر شاہی و حکومتی نمائندوں کے علاقوں کی صفائی پر مامور ہے' اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ عوامی مسائل، ناانصافیوں اور ریاستی اداروں کی زیادتیوں کے خلاف پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیراہتمام 17 ستمبر 2025، بروز بدھ کو کوئٹہ میں ایک عظیم الشان احتجاجی مظاہرے اور جلسہ عام کا انعقاد کیا جائے گا انہوں نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقدہ ضلع اور صوبائی ایگزیکٹو کے مشترکہ اجلاس کی صدارت .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور سماجی رہنما عطاءاللہ لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

قطر پر اسرائیلی حملے کیخلاف جمعیت نظریاتی کی اپیل پر ملک بھر میں یوم احتجاج

عالمی برادری خصوصاً مسلم دنیا نے اسرائیلی رویے کا فوری ردعمل نہ دیا تو خطرہ ہے حملوں کا دائرہ مزید پھیل جائے' رکن قومی اسمبلی

پاکستان اور دیگر مسلمان ممالک کو مشترکہ سفارتی کوششیں تیز اور مسئلے کا پرامن حل تلاش کرنا چاہیے' رہنما جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے سیکرٹری جنرل اور رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے اسرائیل کے قطر پر ہونے والے بلاجواز حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ عالمی برادری کیلئے ایک عبرت آموز پیغام ہے اور واضح کرتا ہے کہ اسرائیل ایک عالمی دہشتگرد قوت بن چکا ہے مولانا عبدالغفور حیدری نے اپنے بیان میں کہا قطر ہمارا برادر اسلامی ملک ہے اور ہم اس کی سلامتی اور خودمختاری کیلئے ہر فورم پر کھڑے ہیں اگر عالمی برادری خصوصاً مسلم دنیا نے اس رویے کے خلاف متحدہ اور فوری ردعمل نہ دیا تو خطرہ یہ ہے کہ .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

شاہراہوں کی بندش سے عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے' ڈی سی قلعہ عبداللہ

غیر قانونی طور پر روڈ بلاک کرنے والوں کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے گا' اعلامیہ

کوئٹہ (اے پی پی) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ ضلع قلعہ عبداللہ میں کسی بھی فرد یا گروہ کو قومی شاہراہ بند کرنے کی اجازت نہیں ہوگی اعلامیہ کے مطابق جو بھی شخص قومی شاہراہ کو غیر قانونی طور پر بند کرے گا، اس کے خلاف فوری طور پر ایف آئی آر درج کی جائے گی ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ شاہراہ عوامی سہولت کیلئے .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں ایچ پی وی ویکسینیشن کا آغاز 15 ستمبر سے ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں ایچ پی وی ویکسینیشن کا آغاز 15 ستمبر سے ہوگا، حکومت نے ویکسین مفت فراہم کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سروائیکل کینسر خواتین میں پایا جانے والا دوسرا بڑا خطرناک کینسر ہے جو رحم کے نچلے حصے میں پیدا ہوتا ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق یہ کینسر زیادہ تر ہیومن پاپیلوما وائرس کی وجہ سے ہوتا ہے، اگر اس کی بروقت تشخیص نہ ہو تو یہ جان لیوا بھی ثابت ہو سکتا ہے۔

میر علی اکبر گرگناری پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل

حاجی علی مدد جتک نے پارٹی میں خوش آمدید کہتے ہوئے مبارکباد پیش کی

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کے ضلع خضدار سے تعلق رکھنے والے ممتاز قبائلی و سماجی رہنما میر علی اکبر گرگناری نے پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ شمولیت اختیار کرلی۔ ان کی شمولیت کے موقع پر پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن اور صوبائی اسمبلی کے رکن حاجی علی مدد جتک نے میر علی اکبر گرگناری کو پارٹی میں خوش آمدید کہتے ہوئے مبارکباد .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی پالیسی سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹوں گا، رحمت صالح بلوچ

اگر کوئی دباؤ ڈال کر پیچھے دھکیلنے کا سوچ رہا ہے تو یہ انکی بھول ہے' ایوان میں اظہار خیال

ایک بلیک میلر گروپ کی جانب سے سوشل میڈیا پر بے بنیاد کردار کشی کی جا رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ ایک بلیک میلر گروپ کی جانب سے سوشل میڈیا پر بے بنیاد بیجا اور کردار کشی پر مبنی مہم پر ایوان میں شدید برہم ہو گئے۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ ایک بلیک میلر گروپ تین چار دنوں سے سوشل میڈ .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

سراناں: اے ڈی سی (جنرل) انجینئر نجم کبزئی افغان پناہ گزین کیمپ میں انخلا آپریشن کی قیادت کر رہے ہیں

پاکستانی انجینئرز کی تربیت اور سکالرشپس کے لیے چین کے ساتھ تاریخی معاہدہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان انجینئرنگ کونسل اور چینی کمپنیوں کے درمیان پاکستانی انجینئرز کی استعداد کار بڑھانے اور عملی تربیت کے حوالے سے تاریخی معاہدہ طے پا گیا۔ ذرائع کے مطابق یہ معاہدہ وزیراعظم کے حالیہ دورہ چین کے دوران بی ٹو بی کانفرنس میں کیا گیا، جس میں تھر کول بلاک 1- پاور جنریشن کمپنی، سینو سندھ ریسورسز اور شنگھائی الیکٹرک انجینئرنگ کنسلٹنگ کمپنی شامل ہیں۔ معاہدے کے تحت سی پیک کے مختلف منصوبوں پر پاکستانی انجینئرز کو عملی تربیت دی جائے گی

خطے میں رونما تبدیلیاں ہمارے دروازے پر بھی دستک دے رہی ہیں' ایچ ڈی پی

ہم سے مینڈیٹ چھین کر حکومتیں بنائی گئیں، طاقت کے ذریعے عوام کی آواز دبانا ممکن نہیں' عبدالخالق ہزارہ' احمد علی کہزاد' قادر نائل

انتہاء پسندانہ سازشوں کے ذریعے قوم کو پھر سے سیاسی تنہائی کی طرف دھکیلنے کی کوششیں جاری ہیں' ورکرز کنونشن سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ نے نوجوانوں، دانشوروں، ادباء و شعرا سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ نئی اور نوجوان نسل کے مستقبل اور انھیں جدید دور کے تقاضوں اور چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار کرنے میں اپنا کردار ادا کریں اور طلباء کو اے آئی و جدید سائنسی علوم حاصل کرنے کی طرف راغب کریں تاکہ ہماری آنے والی نسلیں دنیا کے حالات کے مطابق تیار ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنرل محمد موسیٰ خان پوسٹ گریجویٹ کالج کے ہال میں ورکرز کنونشن اور حلقہ و بنیادی کونسلوں کے نومنتخب عہد .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بی ایم سی وسول ہسپتال میں مریضوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے' بخت کاکڑ

تجاویز کی تکنیکی و انتظامی جانچ کر کے لائحہ عمل مرتب کریں' سیکرٹری صحت و افسران کو ہدایت

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی زیر صدارت بلوچستان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال (بی ایم سی) اور سول ہسپتال کوئٹہ کے سیکیورٹی امور کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت مجیب الرحمان، بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سلطان لہڑی، سول ہسپتال کے میڈیکل .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ گھر میں آتشزدگی سے لاکھوں روپے نقدی اور جہیز کا سامان خاکستر

گھر میں موجود 8 لاکھ روپے اور بیٹی کے جہیز کا مکمل سامان جل کر راکھ ہو گیا' نور اللہ جان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقے اغبرگ کلی اندرزئی میں واقع گھر میں آتشزدگی سے لاکھوں روپے نقدی قیمتی جہیز کا سامان جل کر خاکستر تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے اغبرگ کلی اندرزئی کے رہائشی نور اللہ جان کے گھر میں شارٹ سرکٹ سے آگ بھڑک اٹھی اہل علاقہ اور فائر بریگیڈ نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پایا آتشزدگی .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

یوتھ پالیسی کا مقصد بچیوں میں تعلیم کے فروغ کو یقینی بنانا ہے' میر جمال رئیسانی

علاقے کے عوام کو سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے' رکن قومی اسمبلی

نئی نسل کو روشن مستقبل فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں' سردار کاریز گرلز سکول دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ تعلیم ہی معاشرتی ترقی کا بنیادی ستون ہے، صوبائی حکومت کی یوتھ پالیسی کا مقصد بچیوں میں تعلیم کے فروغ کو یقینی بنانا ہے تاکہ نئی نسل کو ایک روشن مستقبل فراہم کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کلی سردار کاریز گورنمنٹ .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

وزارت مواصلات میں 78 ارب روپے سے زائد کی بے ضابطگیوں کا انکشاف

50 ارب کی بے ضابطگیاں صرف پاکستان پوسٹ آفس میں رپورٹ ہوئیں، آڈیٹر جنرل کی رپورٹ

12 کیسز میں 9 ارب 42 کروڑ روپے کی عدم وصولیاں رپورٹ، ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی سفارش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت مواصلات میں 78 ارب روپے سے زائد کی بے ضابطگیاں سامنے آگئیں، جس میں سے 50 ارب کی بے ضابطگیاں صرف پاکستان پوسٹ آفس میں رپورٹ ہوئیں۔ آڈیٹر جنرل کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ صرف پاکستان پوسٹ آفس میں 28 کروڑ 42 لاکھ کی کرپشن اور چوری ہوئی، پاکستان پوسٹ کے ایچ آر ڈیپارٹمنٹ میں بھی ایک ارب 25 کروڑ 69 لاکھ کی بے ضابطگیاں سامنے آئیں۔ پاکستان پوسٹ کی مختلف خریداریوں میں 2 ارب 84 کروڑ کی سنگین بے ضابطگیاں سامنے آئیں، وزارت کے کمرشل بینکوں .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب میں سیلاب سے 5 ہزار دیہات متاثر ہوئے، سینیٹر عبدالقادر

جلالپور پیروالا، شجاع آباد اور علی پور میں خوفناک تباہی دیکھنے میں آئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پنجاب میں سیلاب کی تباہ کاریاں جاری ہیں 5 ہزار سے زائد دیہات بہت بری طرح سے متاثر ہوئے ہیں جلالپور پیروالا شجاع آباد اور علی پور میں خوفناک تباہی دیکھنے میں آئی ہے جنوبی پنجاب کے حالات تشویشناک صورت اختیار کر گئے ہیں متعلقہ تمام اداروں .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

القادر کیس میں ضمانت ہوئی تو عمران رہا ہو جائیں گے، علیمہ خان

26 ویں ترمیم صرف لائی ہی عمران کیلئے گئی، یاد رکھیں اس کے اثرات پورے ملک پر پڑیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ ایک چیز واضح ہے القادر کیس میں ضمانت ہو جائے تو عمران خان رہا ہو جائیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے خلاف 300 کیسز بنائے گئے، 26 ویں ترمیم صرف لائی ہی عمران کیلئے گئی، لیکن یاد رکھیں اس کے اثرات .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بحرین کے وزیر داخلہ کا 10 رکنی وفد کے ہمراہ اے این ایف ہیڈکوارٹرز کا دورہ

پاکستان اور بحرین کا منشیات کی روک تھام کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اپنانے پر اتفاق

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان اور بحرین نے منشیات کی روک تھام کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اپنانے پر اتفاق کرلیا۔ جمعہ کو بحرین کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل راشد بن عبداللہ الخلیفہ نے 10 رکنی اعلیٰ سطح وفد کے ہمراہ راولپنڈی میں اینٹی نارکوٹکس فورس کے ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل اینٹی نارکوٹکس فورس میجر جنرل عبد المعید نے سینئر افسران .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پی پی نے سینیٹ میں سیلاب، زرعی ایمرجنسی سے متعلق قرارداد جمع کرادی

بی آئی ایس پی ذریعے بے گھر خاندانوں اور کسانوں کو فوری نقد امداد فراہم کی جائے، شیری رحمن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ میں پیپلز پارٹی نے سیلاب اور زرعی ایمرجنسی سے متعلق قرارداد جمع کرادی اور وزیراعظم کے اس سے متعلقہ اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔ پی پی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے قرارداد جمع کرائی اور کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے زرعی اور ماحولیاتی ایمرجنسی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر انکم .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا اربن فلڈنگ پر قابو پانے کیلئے نیا لائحہ تشکیل دینے کا فیصلہ

ملک بھر میں حالیہ تباہ کن سیلابی صورتحال پر وزارت موسمیاتی تبدیلی متحرک ہوگئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے اربن فلڈنگ پر قابو پانے کے لیے نیا لائحہ عمل اور پالیسی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے، ملک بھر میں حالیہ تباہ کن سیلابی صورتحال پر وزارت موسمیاتی تبدیلی متحرک ہوگئی۔ وزارت موسمیاتی تبدیلی حکام کے مطابق وزیراعظم نے وزارت موسمیاتی تبدیلی کو اربن فلڈنگ اور جنگلات کے بے دریغ کٹاؤ پر فوری اقدا .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کے پی نے کالا باغ ڈیم کی مخالفت کردی

ڈیم زرخیز زمینوں کو ڈبونے، لوگوں کو بے گھر کرنے کا سبب بنے گا، پی ٹی آئی کے پی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا نے کالا باغ ڈیم منصوبے کی مخالفت کردی اور معدنیات سے متعلق یکطرفہ فیصلوں کو مسترد کردیا۔ پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر، جنرل سیکرٹری اور عہدیداران کا اجلاس جنید اکبر کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں پاکستان تحریک انصاف نے کالا باغ ڈیم کے منصوبے کی مخالفت کی اور معد .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

سیلاب، برطانیہ نے ایمرجنسی ریلیف کیلئے 30 لاکھ پاؤنڈ فراہم کردیئے

اسحاق ڈار سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات، سیلاب متاثرین سے یکجہتی کا اظہار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) برطانیہ نے سیلاب کی تباہ کاریوں سے نمٹنے کے لئے ایمرجنسی ریلیف اور ریسپانس کیلئے 30 لاکھ پاؤنڈ امداد کا اعلان کیا ہے۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے برطانوی ہائی کمشنر .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سابق گورنر ملک عبدالولی کاکڑ اور شاہ بلوچ کیونٹی اساتذہ سے احتجاجی کیمپ میں اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

ملک میں ٹماٹر، چاول اور چینی سمیت 22 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ

پیاز 12.17، ٹماٹر 10.47 فیصد مہنگے ہوئے آلو 3.57 فیصد، چاول 1.63 فیصد، انڈے 1.52 فیصد تک مہنگے

حالیہ ایک ہفتے میں 4 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی آئی، مرغی کی قیمت میں 3.20 فیصد کمی ہوئی، ادارہ شماریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں گزشتہ کچھ ہفتے مہنگائی میں مسلسل اضافے کے بعد حالیہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں معمولی کمی واقع ہوئی۔ حالیہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں کمی کی رفتار میں 0.2 فیصد کمی واقع ہوئی جبکہ سالانہ بنیادوں پر بھی مہنگائی کی شرح 5.03 فیصد ہوگئی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے پیاز، ٹماٹر، آلو، چاول، انڈے اور چینی سمیت 22 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ چار اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی اور 25 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق دال مونگ، .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس اسلام آباد کی ایمان مزاری سے متعلق ریمارکس پر وضاحت

میری بات کو توڑ مروڑ کر یوں پیش کیا گیا جیسے میں نے کوئی دھمکی دی ہو، جسٹس سرفراز ڈوگر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایمان مزاری سے متعلق ریمارکس پر وضاحت جاری کردی جمعہ کو ایک کیس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سردار سرفراز ڈوگر نے ایمان مزاری سے متعلق اپنے ریمارکس کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی بات کو سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کیا گیا جس سے غلط .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ ہائیکورٹ کے جج کے بیٹے کے قتل کے ملزمان کو بری

ٹرائل کورٹ اور عدالت عالیہ نے سزائے موت سنائی تھی سپریم کورٹ نے بری کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے سندھ ہائیکورٹ کے جج کے بیٹے کے قتل کے ملزمان کو ناقص تفتیش اور کمزور پراسیکیوشن پر بری کردیا، ٹرائل کورٹ اور عدالت عالیہ نے ملزم سکندر لاشاری کو سزائے موت اور ملزم عرفان عرفان قیوم کو 25 سال کی سزا سنائی تھی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ نے سندھ ہائیکورٹ کے جج کے بیٹے کے قتل کے .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

پشین' 100 سے زائد غیر قانونی افغان باشندے کیمپ سے گرفتار

ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر سرانان بازار میں افغان باشندوں کی دکانیں بھی سیل

افغان باشندوں کے مکمل انخلاء تک آپریشن جاری رہے گا' اے ڈی سی انجینئر نجم کبزئی

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی کی ہدایت پر گزشتہ روز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) انجینئر نجم کبزئی کی قیادت میں اسسٹنٹ کمشنر نوید بلوچ نے لیویز فورس اور ایف سی اہلکاران کے ہمراہ سرانان شہر میں دکانداری کرنے والے متعدد افغان باشندوں کی دکانوں کو سیل کردیا، اور اس بابت شہر کے مضافات سمیت افغان پناہ گزین کیمپ تحصیل سرانان میں .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں اساتذہ کی کمی پوری کرینگے، گورنر

یونیورسٹی کو قومی سطح پر لانے کیلئے ہم پاکستان بھر سے بہترین پروفیسرز اینڈ ریسرچرز کو اس جانب متوجہ کرینگے

کوالیفائیڈ فیکلٹی ممبرز ہی جامعہ کا سب سے بڑا اثاثہ ہوتے ہیں، جعفر خان مندوخیل کا اجلاس سے خطاب

خضدار: ایف سی کی کارروائی

کوچ سے 92 تھیلے چھالیہ برآمد

9 مئی مقدمات، شاہ محمود قریشی کی درخواستوں پر پراسیکیوشن سے ریکارڈ طلب

لاہور (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی 9 مئی کے تین مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر پراسیکیوشن سے ریکارڈ طلب کر لیا۔ اے ٹی سی کے جج منظر علی گل نے سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی 9 مئی کے تین مقدمات میں ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواستوں پر سماعت کی، شاہ محمود قریشی کی جانب سے رانا مدثر عمر ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے

کبھی ملک وملت کے مسائل پر تھوڑی بات کرلو، خواجہ آصف کی بانی پی ٹی آئی پر تنقید

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے بانی پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کبھی ملک وملت کے مسائل پر تھوڑی بات کرلو، قوم اور ہم وطنوں کی خوشی غم میں شریک ہو۔ اپنے ایک بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان، خطے اور دنیا میں کئی واقعات بانی پی ٹی آئی کے اقتدار سے محروم ہونے کے بعد ہوئے۔ وزیر دفاع نے بتایا کہ غزہ پر قیامت خیز مظالم، پاک بھارت جنگ میں ہماری تاریخی فتح اہم واقعات ہیں

سیلاب سے متاثرہ بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، مرکزی مسلم لیگ

صوبے میں نفرت کی سیاست کو فروغ دینے والے کامیاب نہیں ہوں گے' حافظ ادریس

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے امیر حافظ ادریس نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ اپنے بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے بلوچستان کی جانب سے جلد امدادی سامان بھجوایا جائے گا صوبے میں نفرت کی سیاست کو فروغ دینے والے کامیاب نہیں ہوں گے مرکزی سیکرٹریٹ میں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ مرکزی مسلم لیگ خدمت .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

بختیار آباد' مسافر وین کو حادثہ، 17 مسافر زخمی، 3 کی حالت تشویشناک

حادثہ ٹائر برسٹ ہونے کے باعث پیش آیا' زخمیوں میں خواتین اور بچے بھی شامل

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) قومی شاہراہ پر مسافر وین کو حادثہ، 17 مسافر زخمی، 3 کی حالت تشویشناک۔ حادثہ تیز رفتاری کے باعث مسافر وین کی ٹائر برسٹ ہونے کی وجہ سے پیش آیا، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی 1122 ریسکیو کا عملہ اور لیویز فورس بختیار آباد موقع پر پہنچ گئے تفصیلات کے مطابق بختیار آباد کے قریب قومی شاہراہ پر مسافر وین کو حادثہ........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

تعلیم ہی معاشرتی ترقی کی بنیاد ہے' صوبائی وزیر تعلیم

اجتماعی کوششیں، سیکھنے سے وابستگی ہی روشن اور ترقی یافتہ معاشرے کی ضمانت ہے' راحیلہ حمید خان درانی

تعلیمی اصلاحات اور اداروں کو مضبوط بنانے کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں' تقریب سے خطاب

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ تعلیم ہی معاشرتی ترقی کی بنیاد ہے اجتماعی کوششیں اور سیکھنے سے وابستگی ہی ایک روشن اور ترقی یافتہ معاشرے کی ضمانت ہیں صوبے میں تعلیمی اصلاحات اور اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی اور وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جن لاپتہ افراد کو حکومت دہشتگرد کہتی رہی اب انکو پیسے دے رہی ہے' اسلام آباد ہائیکورٹ

حکومت کے پاس اتنے لاپتہ افراد کو ادائیگی کے لیے بجٹ ہے؟ کیا عالمی مالیاتی ادارہ کے ساتھ مل کر ادائیگیاں کی جائیں گی، جسٹس محسن اختر

عجیب بات ہے کہ جن لوگوں کو سزائیں دینی تھیں ان کو بچانے کے لیے ہم لوگوں کو پیسے دیں گے، لاپتہ شہری کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے لاپتہ شہری کے کیس کی سماعت کے دوران جج نے ریمارکس دیے کہ عجیب بات ہے کہ جن لاپتہ افراد کو حکومت دہشت گرد کہتی رہی اب ان کو پیسے دے رہی ہے جبکہ عدالت نے وفاقی سیکریٹری داخلہ کو لاپتہ شہری عمر عبداللہ کے اہل خانہ کو امدادی رقم کا چیک جاری کرکے آئندہ سماعت پر رپورٹ طلب کی۔ جمعہ کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے لاپتہ شہری عمر عبداللہ کی بازیابی کی درخواست پر سماعت کی اور کہا کہ متاثرہ فیملی کو چیک جاری نہیں ہوتا تو ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ 26 ستمبر کو .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ایچ ڈی پی کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ و دیگر پارٹی کے تربیتی کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

دوحہ پر اسرائیلی حملہ، سلامتی کونسل میں پاکستان اور اسرائیل میں تلخ جملوں کا تبادلہ

پاکستان نے قطر میں حماس رہنماؤں پر حالیہ اسرائیلی حملے کو غیر قانونی، بلا اشتعال اور خطے کے استحکام کیلئے خطرہ قرار دیدیا

اسرائیل اپنی غیر قانونی کارروائیوں اور بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹانے کی کوشش کر رہا ہے، پاکستانی مندوب

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان اور اسرائیل کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا، پاکستان نے قطر میں حماس رہنماؤں پر حالیہ اسرائیلی حملے کو غیر قانونی، بلا اشتعال اور خطے کے استحکام کے لیے خطرہ قرار دیا، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پاکستان اور اسرائیل کے مابین سخت جملوں کا یہ تبادلہ مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بلائے گئے ہنگامی اجلاس میں ہوا، یہ اجلاس الجزائر، پاکستان اور صومالیہ کی درخواست پر طلب کیا گیا تھا، جس کی حمایت فرانس اور برطانیہ نے کی۔ پاکستان کے مستقل مندوب برائے اقوام متحدہ عاصم افتخار احمد نے .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں دو ارکان کی رخصت کی درخواستیں منظور

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں دو ارکان کی رخصت کی درخواستیں منظور کرلی گئیں۔ جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ارکان اسمبلی اشلوک کمار اور فرح عظیم شاہ کی رخصت کی درخواستیں پیش کی گئیں جنہیں ایوان نے منظور کرلیا۔

مولانا فضل الرحمن کا صادق سنجرانی سے اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے سابق چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی کی رہائشگاہ پہنچے اور انکے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت کی۔ مولانا فضل الرحمان نے مرحوم کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ مولانا عبدالواسع، مولانا صلاح الدین ایوبی، مولانا اسعد محمود، سید محمود شاہ بھی ہمراہ تھے۔

وندر: کوچ اور موٹر سائیکل میں تصادم، ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) وندر کے قریب کوچ اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو وندر کے قریب تیز رفتار مسافر کوچ اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار شخص نواز جاں بحق ہو گیا پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور مقدمہ درج کرکے مزید کارروائی شروع کردی۔

میر سلیم کھوسہ سے صادق عمرانی اور نوابزادہ زرین مگسی کی ملاقات

ملاقات میں صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ سے صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی اور پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین خان مگسی نے ان کے دفتر میں ملاقات کی ملاقات میں صوبے .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمنٹ میں رہیں گے، ابھی وہاں سے استعفیٰ دینے کا ارادہ نہیں، علی محمد خان

مذاکرات کا حامی ہوں، جب یہ بات کرتا ہوں تو مجھ پر تنقید ہوتی ہے لوگ عمران خان کے کان بھرتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ ہم پارلیمنٹ میں رہیں گے، ابھی وہاں سے استعفیٰ دینے کا کوئی ارادہ نہیں، ہمارے مخالفین کی خواہش ہے کہ تحریک انصاف پارلیمنٹ سے نکل جائے، حکومت ہماری لیڈرشپ کے پیچھے پڑی ہوئی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے ارکان اسمبلی کو .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت چینی کی قیمتیں کنٹرول کرنے میں ناکام رہی، قیصر احمد شیخ کا اعتراف

جن اداروں نے اسٹاک کی موجودگی کی رپورٹ دی تھی، ان کے خلاف انکوائری ہونی چاہیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے اعتراف کیا ہے کہ چینی کی برآمد، درآمد اور بڑھتی ہوئی قیمتوں پر حکومت صورتحال کو کنٹرول کرنے میں ناکام رہی۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے کہا کہ جب چینی ایکسپورٹ کرنے کی بات ہوئی تو کابینہ کو بتایا گیا کہ ملک میں وافر مقدار میں چینی موجود ہے اور قیمتیں کم .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

سیلاب سے متاثرہ لاکھوں پاکستانیوں کے درد کو محسوس کرسکتے ہیں، نٹالی بیکر

مشکل کی اس گھڑی میں پاکستانی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، امریکی ناظم الامور کا پیغام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے کہا ہے سیلاب سے متاثرہ لاکھوں پاکستانیوں کے درد کو محسوس کر سکتے ہیں۔ امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے سیلاب زدگان کے نام ویڈیو پیغام میں کہا امریکی محکمہ خارجہ پاکستان بھر میں سیلاب .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: مشیر محکمہ لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

قطر پر اسرائیلی حملہ امت مسلمہ کیلئے عبرتناک پیغام ہے' مولانا حیدری

عرب ممالک کو اب لفاظی مذمت نہیں بلکہ اسرائیل کو منہ توڑ جواب دینے کی ضرورت ہے' مولانا عبدالقادر لونی' مفتی شفیع الدین' مولانا شمس الہدیٰ

اسرائیل و امریکہ گٹھ جوڑ سے دنیا کا امن برباد و اسلامی ممالک خطرے سے دوچار ہو رہے ہیں' مولانا محمود الحسن قاسمی' قاری مہراللہ

اقوام متحدہ کی منافقت سے دنیا میں سوا ارب مسلمان سیاسی، معاشی صورتحال کا سامنا کر رہے ہیں' جمعہ خطبات و تقاریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کی اپیل پر جمعہ کے روز قطر میں حماس مجاہدین کے مذاکراتی ٹیم پر اسرائیل اور غزہ میں مسلم کش انسانیت سوز مظالم و محاصرہ کیخلاف یوم احتجاج منایا گیا جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سرپرست مولانا شمس الہدیٰ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمو .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر